سُورَةُ الغَاشِيَة

Surah 88 — Al-Ghaashiya (The Overwhelming) · Meccan · 26 Ayahs · Translation: Urdu

---

1

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ هَلْ أَتَىٰكَ حَدِيثُ ٱلْغَٰشِيَةِ

بھلا تم کو ڈھانپ لینے والی (یعنی قیامت کا) حال معلوم ہوا ہے

2

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ خَٰشِعَةٌ

اس روز بہت سے منہ (والے) ذلیل ہوں گے

3

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ

سخت محنت کرنے والے تھکے ماندے

4

تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً

دہکتی آگ میں داخل ہوں گے

5

تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ ءَانِيَةٍ

ایک کھولتے ہوئے چشمے کا ان کو پانی پلایا جائے گا

6

لَّيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ إِلَّا مِن ضَرِيعٍ

اور خار دار جھاڑ کے سوا ان کے لیے کوئی کھانا نہیں (ہو گا)

7

لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِى مِن جُوعٍ

جو نہ فربہی لائے اور نہ بھوک میں کچھ کام آئے

8

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ

اور بہت سے منہ (والے) اس روز شادماں ہوں گے

9

لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ

اپنے اعمال (کی جزا) سے خوش دل

10

فِى جَنَّةٍ عَالِيَةٍ

بہشت بریں میں

11

لَّا تَسْمَعُ فِيهَا لَٰغِيَةً

وہاں کسی طرح کی بکواس نہیں سنیں گے

12

فِيهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ

اس میں چشمے بہ رہے ہوں گے

13

فِيهَا سُرُرٌ مَّرْفُوعَةٌ

وہاں تخت ہوں گے اونچے بچھے ہوئے

14

وَأَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ

اور آبخورے (قرینے سے) رکھے ہوئے

15

وَنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ

اور گاؤ تکیے قطار کی قطار لگے ہوئے

16

وَزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ

اور نفیس مسندیں بچھی ہوئی

17

أَفَلَا يَنظُرُونَ إِلَى ٱلْإِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ

یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے کہ کیسے (عجیب) پیدا کیے گئے ہیں

18

وَإِلَى ٱلسَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ

اور آسمان کی طرف کہ کیسا بلند کیا گیا ہے

19

وَإِلَى ٱلْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ

اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح کھڑے کیے گئے ہیں

20

وَإِلَى ٱلْأَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ

اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی

21

فَذَكِّرْ إِنَّمَآ أَنتَ مُذَكِّرٌ؟

تو تم نصیحت کرتے رہو کہ تم نصیحت کرنے والے ہی ہو

22

لَّسْتَ عَلَيْهِم بِمُصَيْطِرٍ

تم ان پر داروغہ نہیں ہو

23

إِلَّا مَن تَوَلَّىٰ وَكَفَرَ

ہاں جس نے منہ پھیرا اور نہ مانا

24

فَيُعَذِّبُهُ ٱللَّهُ ٱلْعَذَابَ ٱلْأَكْبَرَ

تو خدا اس کو بڑا عذاب دے گا

25

إِنَّ إِلَيْنَآ إِيَابَهُمْ

بےشک ان کو ہمارے پاس لوٹ کر آنا ہے

26

ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُم

پھر ہم ہی کو ان سے حساب لینا ہے

Generated by Dailica — dailica.com